QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 146

بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ: 17 دسمبر 2025ء۔۔۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی کاموں کیلئے کھمبوں کی تنصیب اور لائنوں کی شفٹنگ کئے جارہے ہیں۔اس سلسلے میں 18 دسمبر (بروز جمعرات) سریاب گرڈ اسٹیشن کے 11kv خیر بخش مری، کرانی، ہزارہ ٹاون، سریاب ون، سریاب ٹو، واسا، سمنگلی ایکسپریس، انڈسٹریل، سرکی روڈ فیڈروں سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی بند رہیگی، نیز اسی روز انڈسٹریل گرڈ اسٹیشن کے 11kv ایف جی ایس، شموزئی، شاہنواز، سریاب مل، واسا، اولڈ اور نیو میاں غنڈی فیڈروں سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند ہوگی۔اسی طرح 19 دسمبر کو (بروز جمعہ) شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے 11kv جبل نور، ویسٹرن بائی پاس، داریم، خروٹ آباد اور دوستین فیڈرز صبح 10:30 بجے تا دوپہر 2:30 بجے جبکہ انڈسٹریل گرڈ اسٹیشن کے عاصم آباد، انڈسٹریل بولان فیڈروں سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند رہے گی۔

اسکے علاوہ مختلف گرڈ اسٹیشنوں اور ٹرانسمیشن لائنز پر ضروری نوعیت کے مرمتی کام کئے جارہے ہیں۔اس سلسلے میں 18 دسمبر (بروز جمعرات) بارکھان اور کوہلو گرڈ اسٹیشنوں سے صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی بند ہوگی نیز اسی روز صحبت پور گرڈ اسٹیشن سے 10` بجے سے سہ پہر 3 بجے تک جبکہ خانوزئی گرڈ اسٹیشن سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔تاہم کیسکو نے متعلقہ صارفین سے بجلی بندش پر زحمت کیلئے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی گئی ہے۔